Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۳۴ء

حصۂ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

۱	معافی قصور صاحبزادہ محمود علیخاں بہادر راج علی تک تا وساطت منشی	۲	منظوری رخصت مسٹر لشوٹز (موزر انجنیر)	۳	//
۲	منظوری استعفا مولوی عبدالعزیز صاحب انصاری	//			

خلاصۂ احکام اجلاس کونسل دربار دولت مدار

۴	تقسیم کام متعلق صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	۳	**حکم اجلاس صاحب سینیر ممبر صاحب بہادر وائس پریسیڈنٹ کونسل**		
۵	منظوری عملہ رجسٹری برائے تعینات خرید و فروخت جنس متعلقہ ضلع شور	۳			
۶	تقرر ابراہیم خاں عہدۂ نائب تحصیلداری جاگیر اد کلکٹری	۳	تقرر مسٹر محمود خاں بعہدۂ سپرنٹنڈنٹ پولیس	(۸)	۶
۷	منتقلی تعلیم پرائمری کلاس از ہائی اسکول پرائمری اسکول				
۸	نقشۂ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل	۵			

(مطبوعہ رامپور اسٹیٹ پریس)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار :-　　واقع ۲۲ جولائی ۱۹۳۳ء

صاحبزادہ محمود علیخاں بہادر کے مکانات وسامان وغیرہ بحکم مصدرہ ۲۷ اکتوبر ۱۹۳۰ء ضبط ہوگئے تھے۔ صاحبزادہ صاحب نے اب عرضداشت پیشگاہ ہمایوں میں پیش کی ہے۔ اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے ازراہ پرورش وخاندان نوازی حکم صادر فرمایا ہے کہ صاحبزادہ صاحب کے مکانات مع فرنیچر وسامان وغیرہ جو سرکار میں لیلیا گیا تھا اُن کو واپس دیدیا جائے اور مکان کے متعلق جو زمین ہے وہ بھی واگذاشت کردیجائے۔ اور مبلغ ~~ ~~ ستره ہزار چونتیس روپیہ تو آنہ نو پائی جو بسیاہہ سرکار ہوگئے ہیں وہ بھی واپس کردئے جاتے ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

بائی آرڈر

دستخط صاحب پریزیڈنٹ باب کونسل

روبکار :-　　واقع ۲۵ جولائی ۱۹۳۳ء

مولوی عبدالعزیز صاحب انصاری جج ہائی کورٹ بحصول رخصت ایکماہ کے لئے باہر گئے ہوئے تھے۔ جسکی مدت ۱۹ جون ۱۹۳۳ء کو ختم ہوگئی۔ اختتام رخصت کے قریب آنکا استعفا موصول ہوا چونکہ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے ختم مدت رخصت سے استعفا منظور فرمالیا تھا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب پریزیڈنٹ باب کونسل

روبکار :-　　واقع ۲۵ جولائی ۱۹۳۳ء

مسٹر شوٹز موٹر انجنیئر ۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء سے چار ماہ کی رخصت پر برائے زیارت مقام متعلقہ وطن گئے ہوئے ہیں۔ یورپ میں مسٹر شوٹز نے حضور انور میں حاضر ہوکر توسیع رخصت کی استدعا پیش کی۔ اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے لب بستہ رخصت موجودہ آخر ستمبر ۱۹۳۳ء تک مزید رخصت پونے دو ماہ منظور فرمائی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب نائب پریزیڈنٹ باب کونسل

آرڈرزان کونسل ریاست رامپور

ان کونسل:-

واقع ۱۸ جولائی ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۸ جولائی ۱۹۳۳ء میں صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت تخفیف کام متعلقہ صاحب سکریٹری بہادر بوجہ بندوبست جدید پیش ہو کر طے پایا کہ:-

چونکہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بندوبست کے کاغذات کی تکمیل میں زیادہ مصروف رہیں گے۔ لہٰذا حسب تجویز صاحب ریونیو منسٹر بہادر ان کے متعلقہ کام حسب ذیل انتظام تا صدور حکم ثانی منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) ضلعداران کے تقرر - برخاستگی - تعطلی کے جملہ کاغذات پر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر احکام صادر کریں گے۔ البتہ ضلعداران کی رخصت ناظم صاحبان کے اجلاس سے منظور ہوگی۔

(۲) جو مسل محافظ خانہ صدر سے بذریعہ ریونیو منسٹر طلب ہوتی ہیں۔ وہ اب ناظم صاحبان کے طلب کرنے پر بھیجدی جائیں۔

(۳) صیغہ جات ریاست سے داخل شدہ رقوم کی تصدیق سررشتہ پیڈ اکاؤنٹنٹ مال سے بتوسط ریونیو آفس ہوتی ہے آئندہ سے اس متعلق پیڈ اکاؤنٹنٹ صیغہ مال سے بلا وساطت مراسلت کیجائے۔

(۴) ضابطہ میں جس قدر رقوم کے تخمینہ جات کہنہ وغیرہ ناظم صاحبان منظور کر سکتے ہیں آئندہ رقم کی کارروائی مجرائی بھی بطور خود کریں گے۔

(۵) ناظم صاحبان معافیات شروط و غیر شروط کے داخل خارج کے وقت محافظ خانہ صدر دار الانشاء سے براہ راست تصدیق کریں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ لیجسلیٹو کونسل
دستخط صاحب سکریٹری لیجسلیٹو کونسل

آرڈرزان کونسل

واقع ۱۸ جولائی ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۸ جولائی ۱۹۳۳ء میں کاغذ تقرر سب رجسٹرار - محرر اور ایک چپراسی برائے کار تصدیق دستاویزات خریداری رس - پیش ہو کر طے پایا کہ مابین "رضا شگر فیکٹری" اور کاشتکاران علاقہ ریاست خرید و فروخت رس کی دستاویزات کی تصدیق کے لئے شروع اگست ۱۹۳۳ء سے آخر اکتوبر ۱۹۳۳ء تک تین ماہ کے واسطے حسب صراحت ذیل عملہ منظور کیا جاتا ہے

نام آسامی	تعداد	تنخواہ ماہوار	الاؤنس
سب رجسٹرار	ایک اسامی	[illegible]	[illegible]
محرر	ایک اسامی	[illegible]	
چپراسی	ایک اسامی	[illegible]	
متفرق مصارف		[illegible]	

شاملات اور متفرق مصارف یکمشت ماہوار ہوں گے

تیتا ماہ کی مجموعی رقم تین سو روپیہ ہوتی ہے۔ اسقدر رقم کی بحب رجسٹری صدر میں توسیع منظور کیجاتی ہے مد رجسٹری دستاویزات کی کل آمدنی سے ادا سرکار کی جائے۔ یہ رجسٹرار علاقہ میں گشت کرکے دستاویزات کی رجسٹری کریگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات صاحب جوڈیشل منسٹر کی خدمت میں مرسل ہوں

دستخط صاحب پریسیڈنٹ ہِزہائی نس کونسل
دستخط صاحب سکریٹری ہِزہائی نس کونسل

آرڈران کونسل :-

واقع ۱۶ر جولائی ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۶ر جولائی ۱۹۳۲ء میں کاغذات تقرر ابراہیم خاں بعہدہ نائب تحصیلداری جائداد کلکتہ پیش ہوکر طے پایا کہ :-

جائداد کلکتہ کی ساٹھ روپیہ ماہوار کی وثیقہ کی خالی آسامی پر ابراہیم خاں کا تقرر ایک سال کے لئے منظور کیا جاتا ہے۔ ابراہیم خاں کو نائب تحصیلدار کے نام سے موسوم کیا جائے۔

نائب تحصیلدار ساتھی تحصیلدار کلکتہ ہیرا بوم ہاپوڑ کے خاص طور سے ذمہ دار رہیں گے

چونکہ بنگال میں جائداد مذکور کے مصارف زیادہ ہیں۔ لہذا علاوہ تنخواہ کے پندرہ روپیہ ماہوار الاونس بھی دیا جانا منظور ہے۔

رقم بقدر الاونس کی گنجائش بحب منظور شدہ جائداد کلکتہ سے نکالیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ ہِزہائی نس کونسل
دستخط صاحب سکریٹری ہِزہائی نس کونسل

آرڈران کونسل :-

واقع ۱۰ر جولائی ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۲ء میں کاغذات بابت منتقلی تھرڈ پرائمری کلاس از ہائی اسکول بہ پرائمری اسکولز پیش ہوکر طے پایا کہ :-

چونکہ ہائی اسکول میں طلبا کی تعداد زیادہ ہے اور اسکے لحاظ سے موجودہ عمارت ناکافی ہے۔ نیز بحالت موجودہ توسیع عمارت کی کارروائی بھی نہیں ہوسکتی علاوہ بریں شہر میں متعدد پرائمری اسکولوں میں تھرڈ پرائمری کلاس موجود ہیں۔ لہذا حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر آئندہ سے تھرڈ پرائمری کلاس تک کی تعلیم پرائمری اسکولوں کے لئے مخصوص کیجاتی ہے۔ ہائی اسکول میں چوتھے درجے سے پرائمری تعلیم شروع کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ ہِزہائی نس کونسل
دستخط صاحب سکریٹری ہِزہائی نس کونسل

آرڈران کونسل واقع ۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء

میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریذیڈنٹ بہادر

پیش ہو کر منظور ہوا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ کو ایک نقل حکم بنام نقل نقشہ

منسلک برائے اندراج گزٹ پریس کو بھیجی جاوے

دستخط سیکرٹری پریذیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط سیکرٹری بہادر کونسل

(از دفتر مورخہ ۲۷ جولائی ۱۹۳۳ء)
(بوقت ۷ بجے شام)

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریذیڈنٹ بہادر

نمبر شمار	نام ڈپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
(۱)	آرمی ہیڈکوارٹر	رپورٹ در بارہ برقراری ملازم رکھے جانے شرفری تا انتظام اسامی	سررشتہ متعلقہ کی احکام ضابطہ جاری کرے	۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء	منظور ہے
(۲)	پولیس	ڈی او ڈی آئی جی بہادر بعطائے رخصت دس یوم۔	رخصت منظور ہے کونسل کو اطلاع دیجاتی ہے۔	"	"
(۳)	جواہر خانہ	ڈی او صاحب سکرٹری بہادر جواہر خانہ بابت منظوری رخصت ۱۸ و ۱۹ جولائی ۱۹۳۳ء و اجازت یوم جمعہ۔	رخصت دو یوم ۱۸ و ۱۹ جولائی و اجازت جمعہ منظور ہے	"	"

حکم اجلاس صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل

تقرر

(مورخہ ۵ جولائی ۱۹۳۲ء)

مسٹر محمود خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس باشندہ ریاست بھوپال کی خدمات گورنمنٹ سے بصورت مستعار فی الحال ایک سال کے لئے حاصل کی گئی ہیں۔ لہٰذا ان کا تقرر بعہدۂ سپرنٹنڈنٹ پولیس تاریخ امروزہ سے منظور کیا جاتا ہے۔ تنخواہ کی بابت گورنمنٹ سے اطلاع موصول ہونے پر احکام صادر کئے جائینگے رہائش کے لئے مکان ریاست سے دیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل